© rasailojaraid.com

**شہید صدر جنرل محمد ضیاء الحق** از راجہ محمد شریف صاحب ملنے کا پتہ: زاہد اکیڈیمی، رائے شوگر ملز کالونی، جوہر آباد، سرگودھا۔ دبیز نفیس کاغذ کے ۱۲ صفحوں میں مؤلف نے شہید ضیاء الحق کو منظوم خراج پیش کیا ہے۔ طباعت و کتابت خوب صورت ہے۔ وہ شخص جس کی زندگی میں کئی اطراف سے سنگ باری ہوتی رہی، آج اُس پہ پھولوں کی چادریں بھی اور شعروں کے گلدستے بھی نچھاور کیے جا رہے ہیں۔

---

**الحدید** مدیر محمد اکرام قریشی۔ مقامِ اشاعت: ۱۰۲ مرغزار کالونی، گجرات۔ دفتر رابطہ: الحدید، گجرات روڈ، جلال پور جٹاں۔ قیمت فی پرچہ ۱/ روپیہ

الحدید کے نام کی مناسبت نہ صرف یہ ہے کہ یہ آہنی مشینوں سے کام لینے والے ایک صنعتی شہر سے نکلتا ہے۔ بلکہ یہ بھی کہ غلبۂ حق کے لیے انسان کو حدیدی صفات کے ساتھ زندگی بسر کرنی چاہیئے۔ رسالے میں حالاتِ حاضرہ، اپنے علاقی مسائل، اہم ملکی معاملات، دینی حقائق پر بحثیں اور پاکیزہ نظمیں شامل ہوتی ہیں جن کا مقصد فلاح و تعمیر ہے۔

---

**پردہ ایک اسلامی شعار** از جناب محمد اکرام قریشی ایم اے۔ ناشر: احیائے دین لائبریری، سیالکوٹ صفحات: ۱۶۔ (مفت تقسیم)

چھوٹے سے پمفلٹ میں بہت اچھا قابلِ غور مواد اور حوالے جمع کر دیئے گئے ہیں۔ یعنی مختلف صحاح کی کاوشیں یکجا ملیں گی۔

---

**حیات النبیؐ ایک نظر میں** از محمد اکرام قریشی ایم اے۔ ناشر: احیائے دین لائبریری، سیالکوٹ۔

سیرت پاک کی بہت اچھی تلخیص۔ مقصد تبلیغ۔

---

**فیصلہ کیجیے** از: مولانا راحت گل۔ شائع کردہ: مرکز علومِ اسلامیہ پاکستان، راحت آباد، پشاور۔ ۶ صفحات۔

مبحث تو گذشتہ انتخابات کے بارے میں پہلے سے رہنمائی دینے کا تھا۔ مگر اب بھی مختلف گروہوں اور عناصر کے متعلق رہنمائی مل سکتی ہے۔

---

© rasailojaraid.com